بِسْــــــــــــــمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِیم

# نوٹس مسند امام اعظم

مؤلف ــــ نیاز رضا بن اعجاز الدین

جامعۃ المدینہ فیضان احمد رضا سیکٹر _ 9 نارتھ کراچی

5 _ March _ 2021

مسند امام اعظم کتاب الایمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہم سب کے پیارے آقا کی
نبی پاک کی بات اب
شروع ہوتی ہے۔

سوال 1: قوم یقولون لا قدر فیما انزل علیہم اس حدیث کا جواب عبد اللہ بن عمر نے کیا دیا۔

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ایسی قوم سے بری ہوں اور اگر میں کوئی مددگار پاؤں تو ان سے ضرور جہاد کروں گا۔ یہ میرا قول ان تک پہنچا دیں۔

سوال 2: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا اس سوال کے بارے میں اخبرنی عن الایمان۔

حضور نے فرمایا اللہ پر اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لانا اور اسکی ملاقات پر اور آخرت کے دن پر اور اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانا

سوال 3: اخبرنی من شرائع الاسلام کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا۔

حضور نے اس کے جواب میں 5 پانچ چیزیں ارشاد فرمائی

1) اقام الصلوٰۃ
2) ایتاء الزکوٰۃ
3) صاحب استطاعت پر حج کرنا
4) روزے رکھنا رمضان کے
5) جنابت کا غسل کرنا

سوال 4: اخبرنی عن الاحسان کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا۔

حضور نے فرمایا کہ تو اس طرح سے عمل کر گویا کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہے اگر ایسا نہ ہو تو اللہ تجھے دیکھ رہا ہے یقیناً

سوال 5: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فمتی قیام الساعۃ کے جواب میں کیا فرمایا۔

حضور نے فرمایا کہ مسئول سائل سے زیادہ نہیں جانتا۔

وضاحت :- یعنی دونوں کا علم اس بارے میں متساوی ہے اور اس حدیث پاک سے حضور کے علم کا کم ہونا اور حضرت جبرائیل کے علم کا زیادہ ہونا لازم نہیں آرہا بلکہ قیامۃ الساعۃ کے علم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبرائیل دونوں برابر ہیں

Date:____________

**سوال:** یہودی کی عیادت کے متعلق حدیث پاک اور ثبوت حدیث تحریر کریں۔

حضرت علقمہ بن یزید بن حبیب سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور کے پاس تھے تو حضور نے فرمایا اپنے صحابہ سے۔ اٹھو اور ہمارے ساتھ یہودی کی عیادت کرنے چلو صحابہ کرام اور حضور اس یہودی کے پاس بیٹھے اور اس کو موت کی حالت میں دیکھا۔ حضور نے اس سے فرمایا۔ تو گواہی دے کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس نے اپنے والد کی طرف دیکھا تو والد نے عدم رضا کی طرف اشارہ کیا۔ تو حضور نے دوبارہ یہ کلمات دہرائے تو اس یہودی نے پھر اپنے والد کی طرف دیکھا۔ تو اس کے والد نے کہا کہ تو گواہی دے۔ تو نوجوان نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے میرے سبب ایک جان کو جہنم سے بچا لیا۔

**ثبوت حدیث:** اس حدیث سے پڑوسی کے حقوق ثابت ہوتے ہیں۔

**سوال:** کفار کے بچے اگر مر جائیں تو ان کے لیے کیا حکم ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ہر بچہ اپنی فطرت سلیمہ پر ہی پیدا ہوتا ہے۔ اس کے والدین اسے یہودی اور نصرانی بنا دیتے ہیں

عرض کی گئی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو بچپن میں ہی مر جائے تو ان کے لیے کیا حکم ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ زیادہ جانتا ہے کہ وہ بڑا ہو کر کیا کرنے والا تھا۔

اس حدیث سے پتہ چلا کہ کفار کے مردہ بچوں کے متعلق سکوت اختیار کیا جائے گا۔

Date:

**سوال:** ھل فی ھذہ الامۃ ذنب یبلغ الکفر کے متعلق کیا حدیث پاک وارد ہوئی ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میری امت میں کوئی ایسا گناہ نہیں جو کفر تک پہنچتا ہو۔ سوائے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک کرنا۔
یہ حدیث پاک خوارج اور معتزلہ کے رد میں وارد ہوئی۔

**خوارج :-** یہ ایک گروہ فرقہ ہے جس کا عقیدہ ہے کہ گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر ہے۔

**معتزلہ :-** وہ گروہ فرقہ جس کا عقیدہ یہ ہے کہ بندہ اپنے اعمال کا خود خالق ہے اور گناہ گار نہ مومن ہے نہ کافر:

**سوال:** قدریہ کون لوگ ہیں۔ سکو ھو ان یقولوا انا مومن بل یقولون انا مومنون انشاء اللہ اس حدیث کی وضاحت کریں۔

**قدریہ :-**
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قدریہ اس امت کے مجوس اور دجال ہیں

**حدیث :-**
حضرت اسحاق ابن ابی رباح سے عرض کی گئی اے ابو محمد، ہمارے شہر میں ایک ایسی قوم ہے جو اپنی جانوں کے لیے ایمان ثابت نہیں کرتی اور ناگوار سمجھتی ہیں کہ وہ لوگ یہ قول کہیں انا مومنون بلکہ وہ لوگ یہ قول کہتے ہیں انا مومنون انشاء اللہ
حضرت اسحاق ابن ابو رباح نے فرمایا صحابہ کرام تو یہ کہتے تھے کہ ہم مومن ہیں لیکن وہ یہ نہیں کہتے تھے کہ ہم یقینی طور پر جنتی ہیں۔
کیونکہ اگر اللہ اہل سما والارض پر عذاب مسلط کرے تو وہ غیر ظالم ہے۔

**سوال:** اعملوا فکل میسر لما خلق لہ ترجمہ کریں۔ اور ثبوت حدیث بھی تحریر کریں

**ترجمہ :-** تم عمل کرو ہر شخص کے لیے وہی ہے جو میسر ہے جس کے لیے اسے پیدا کیا گیا۔
**ثبوت حدیث :-** فکل میسر سے اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ بندہ کا عمل کرنا بیکار نہیں۔

Date:

**سوال 1** شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق عقیدہ اہلسنت واضح کریں۔

اللہ رب العزت کل بروز قیامت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے ایک قوم کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل فرمائے گا۔

**ثبوت حدیث:**

یہ حدیث پاک اس بات پر واضح دلیل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت برحق برحق برحق ہے۔

**سوال 2** مقام محمود کی وضاحت کریں۔

اللہ رب العزت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے ایک قوم کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل فرمائے گا۔ یہ مقام محمود ہوگا

**سوال 3** یارسول اللہ لمن تشفع یوم القیامت کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا

میری شفاعت امت کے اہل کبائر، اہل العظائم، اور اہل دماء کے لیے ہے

**اہل کبائر:** وہ لوگ جو گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرے اور وہ حقوق اللہ

**اہل العظائم:** وہ لوگ جو گناہ کبیرہ کا ارتکاب کریں خواہ وہ حقوق اللہ سے ہو یا حقوق العباد سے

**اہل دماء:** وہ لوگ جو نفس محترمہ کو ظلم کے سبب قتل کریں

**سوال 6** علم کی فضیلت اور اہمیت میں حدیث پاک تحریر کریں؟

علم کی فضیلت میں بہت سی احادیث طیبہ ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے علم کا طلب کرنا نماز، روزہ، حج جہاد فی سبیل اللہ سے افضل ہے

علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے

رب یسر یسارا
[illegible] آقا کی بات
اب تک نہ ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب الطہارۃ

Date:

**سوال 14:** ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کے متعلق حدیث پاک تحریر کریں؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہرگز ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرو

**سوال 15:** رأیت رسول اللہ یبول علی سباطۃ قوم حدیث پاک کا ترجمہ نیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل کیوں فرمایا۔

**ترجمہ:** میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس حال میں کہ حضور نے بول فرمایا قوم کے سباطہ (کوڑے) پر قیام کی حالت میں

**حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل کیوں فرمایا:** یہ عمل اس لیے فرمایا یا تو حضور کی کمر مبارک میں تکلیف تھی یا تو گھٹنوں میں تکلیف تھی۔ یا تو اس لیے کہ آپ نچلی جگہ پر تھے اور بول کرنے کی جگہ اوپر تھی۔

**سوال 16:** بلی کے جھوٹے میں احناف کا موقف واضح کریں؟

احناف کے نزدیک بلی کا جھوٹا مکروہ ہے یہ مکروہ اس صورت میں ہے جب بلی نے نجاست یا کسی شئی کو کھا کر پانی میں منہ ڈالا ہو۔ اور کچھ کھائے بغیر پانی میں منہ ڈالا ہو تو بالاتفاق طاہر ہے مکروہ نہیں ہے

**سوال 17:** مسواک کی فضیلت میں وارد حدیث لکھیں مع اختلاف نیز وضو میں مسواک کرنے کے متعلق تحریر کریں؟

مسواک کے متعلق کئی احادیث وارد ہیں جیسے کہ

1) چار چیزیں انبیاء کی سنتوں میں سے ہے ان میں سے ایک مسواک بھی ہے
2) موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفا مسواک میں ہے

**عند الشافعی:-** مسواک کرنا فرض ہے۔

**عند الاحناف:-** مسواک کرنا سنت ہے۔

Date:

سوال 19
تثلیث مسح میں احناف کا مؤقف تحریر کریں؟

امام اعظم فرماتے ہیں کہ۔ صحابہ کرام کی ایک بڑی جماعت جن میں سے حضرت عثمان، حضرت علی، اور حضرت عبداللہ بن مسعود شامل تھے اور یہ تثلیث مسح کے قائل ہیں۔ لیکن اس کے متعلق امام بیہقی فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی روایت غریب طریقہ سے بیان کی گئی ہے۔ اور یہ روایت حفاظ حدیث کی روایت کے متضاد ہے۔ اس لیے علماء کے نزدیک یہ روایت حجت نہیں ہے۔ اور سر کا مسح کرنا ایک بار ہی درست ہے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک روایت سے بھی ثابت ہوتا ہے (مسح ایک بار)

امام اعظم ایک بار مسح

امام شافعی تین بار مسح

سوال 20
ویل العقاویب من النار اس حدیث پاک کا ترجمہ اور وضاحت فرمائیں؟

ترجمہ: ایڑی والوں کے لیے جہنم میں بربادی ہے۔

وضاحت: اس حدیث سے مراد وہ لوگ ہیں جو وضو کرتے اور ایڑی سے درمیان والی جگہ چھوڑ دیتے ہیں۔ انکے لیے وعید ہے کہ اس طرح نہ کیا جائے ورنہ جہنم میں بربادی ہے

سوال 21
مسافر اور مقیم کے متعلق موزوں پر مسح کے بارے میں حدیث تحریر کریں؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مقیم ایک دن اور ایک رات مسح کرے اور مسافر تین دن اور تین راتیں مسح کرے۔

سوال 22
موزوں پر مسح کی ابتدا کب سے ہو گی اختلاف ائمہ تحریر کریں؟

عند الاحناف :- امام اعظم فرماتے ہیں کہ حدث کے بعد موزوں پر مسح کا وقت شروع ہو گا۔

عند الشافعی :- امام شافعی فرماتے ہیں کہ جب موزے پہنے کا تب سے ہی مسح کا وقت شروع ہو جائے گا۔

Date:

**سوال 23:** منی پاک ہونے یا ناپاک ہونے میں ائمہ کا اختلاف بیان کریں؟

**عند الشافعی:-** منی پاک ہے:

**دلیل:** حضرت عباس سے حدیث پاک روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ منی تھوک کی مثل ہے۔

**عند الاحناف:-** امام اعظم فرماتے ہیں ہر وہ شی جو سبیلین سے نکلے وہ پاک نہیں ہے لہذا منی ناپاک ہے۔ **دلیل:** کئی احادیث ایسی ہیں جن میں منی کو دھونے یا رگڑنے کا حکم دیا گیا ہے اگر کپڑے پر لگ جائے تو، اس بات سے پتہ چلا کہ منی نجاست ناپاک ہے۔

**سوال 24:** مردار کی کھال سے نفع اٹھانا کیسا ہے حدیث پاک تحریر کریں؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ ایک مری ہوئی مالی بکری کے پاس سے گزرے اور فرمایا کیا ہے اس کے اہل کو اگر وہ اس کی کھال سے نفع اٹھا لیتے۔

اس حدیث پاک سے پتہ چلا کہ جانوروں کی کھالوں کو اگر دباغت کر لیا جائے تو وہ پاک ہو جاتی ہیں۔۔۔ اور اس کا استعمال کرنا بھی درست ہو جائے گا۔

# کتاب الصلوٰۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Date:

**سوال** صلوٰۃ کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں؟

**لغوی معنی**:- اس کا لغوی معنی درود، رحمت اور استغفار ہے

**اصطلاحی معنی**:- ارکان مخصوصہ کو اسکے وقت میں ادا کرنا جیسے پنجگانہ نماز کو بحالت طہارت اسکے وقت میں ادا کرنا

**سوال** من سجد سجدة رفعه الله والحديث ثبوت حدیث تحریر کریں؟

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیام اور رکوع کو لمبا کرنے سے بہتر ہے کہ سجدہ کو لمبا کیا جائے۔ کیونکہ بحالت سجدہ مصلی اپنے رب سے زیادہ قریب ہوتا ہے

**سوال** ناف اور گھٹنا ستر میں داخل ہے یا نہیں اختلاف ائمہ تحریر کریں؟

**ائمہ اربعہ**: چاروں اماموں کے نزدیک ناف ستر میں داخل ہے گی گھٹنے میں اختلاف ہے

**امام شافعی، امام مالک، امام محمد**:- ان کے نزدیک گھٹنا ستر میں داخل نہیں ہے

**عند الاحناف**:- گھٹنا ستر میں داخل ہے۔

**سوال** پنجگانہ نماز عند الاحناف کس وقت میں مستحب ہے۔

1) نماز فجر تاخیر کے ساتھ مستحب ہے

2) نماز ظہر جلدی مستحب ہے اور گرمیوں میں تاخیر سے مستحب ہے۔

3) نماز عصر ہمیشہ تاخیر سے مستحب ہے **امام اعظم** فرماتے ہیں اگر بادل ہو تو جلدی ورنہ تاخیر مستحب ہے

4) نماز مغرب میں بھی بادلوں والے دن کے سوا ہمیشہ تاخیر مستحب ہے

5) نماز عشاء میں رات تک تاخیر مستحب ہے آدھی رات تک تاخیر مباح ہے۔

Date:

**سوال 29** مسجد کی تعمیر کرنے کے متعلق حدیث پاک میں کیا بیان ہوا ہے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو اللہ پاک کی رضا کی خاطر مسجد بنائے گا اگرچہ وہ چڑیا کے گھونسلے کی مثل کیوں نہ ہو تو اللہ پاک اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا

**سوال 30** مسجد میں گمشدہ چیزوں کو تلاش کرنے کے متعلق حدیث میں کیا آیا ہے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو مسجد میں اپنا اونٹ تلاش کر رہا تھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کرے تجھے تیرا اونٹ نہ ملے

یعنی مسجد اللہ کی عبادت کا مرکز ہے اسے عبادت اور وظائف کیلئے استعمال کرو

**سوال 31** نماز میں رفع یدین کے متعلق احناف کا موقف بیان کریں وضاحت سے۔

احناف کے نزدیک نماز میں فقط تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنا سنت مبارکہ ہے۔

دلیل: روایت میں ہے کہ حضرت ابراہیم نخعی کے پاس حضرت وائل بن حجر کی یہ حدیث پیش کی گئی کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو رکوع اور سجود میں رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا تو حضرت ابراہیم نخعی نے فرمایا۔ کہ وہ دیہات کے رہنے والے تھے اسلام کی مکمل معرفت سے قاصر تھے۔ اور انہوں نے تو صرف ایک نماز حضور کے ساتھ ادا فرمائی۔

جبکہ دوسری طرف مجھے اتنے زیادہ راویوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث پہنچائی کہ میں انہیں شمار نہیں کر سکتا وہ یہ ہے کہ۔

حضرت ابن مسعود فقط نماز کی ابتدا میں ہاتھ اٹھاتے تھے اور اس کے متعلق نبی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حوالہ بھی دیتے تھے اور حضور کے احوال کی تلاش میں مشغول رہتے۔

**حاصل کلام:-** حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے رفع یدین ابتدائے نماز (تکبیرہ تحریمہ) میں ثابت ہے اور ائمہ احناف کا بھی یہی موقف ہے۔

Date:

سوال: امام اوزاعی اور امام اعظم کا مناظرہ تحریر کریں؟

حضرت سفیان بن عیینہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ امام اعظم اور امام اوزاعی مکہ کی ایک جگہ دارالحناط میں اکٹھے ہو گئے:

امام اوزاعی: انہوں نے امام اعظم کو کہا کہ آپ لوگوں کو رکوع کرتے ہوئے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے رفع یدین کیوں نہیں کرتے۔

امام اعظم: آپ فرماتے ہیں اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کوئی صحیح حدیث منقول نہیں۔ امام اوزاعی انہوں نے کہا کیا کیوں صحیح حدیث موجود نہیں حالانکہ مجھے امام زہری نے سالم کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کے واسطہ سے نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے ہوئے رکوع کرتے ہوئے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے رفع یدین کرتے۔ امام اعظم نے اس کے برعکس فرمایا آپ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس یہ حدیث اس سند سے موجود ہے (حدثنا حماد عن ابراھیم عن علقمہ والاسود عن ابن مسعود) کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فقط ابتدا میں ہی رفع یدین کرتے تھے۔

امام اوزاعی یہ سن کر کہنے لگے میں آپ کے سامنے بواسطہ ابن عمر بیان کر رہا ہوں اور آپ (امام اعظم) حماد عن ابراھیم کہہ رہے ہیں۔

امام اعظم نے فرمایا کہ حماد زہری سے فقہ میں بڑے ہیں اور نخعی سالم سے فقہ میں بڑے ہیں اور علقمہ فقہ کے معاملہ میں حضرت ابن عمر سے کم نہیں۔ اگرچہ ابن عمر کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہے۔ اور اسود کو تو دیگر فضائل حاصل ہیں۔ رہی بات عبداللہ بن مسعود کی تو وہ تو عبداللہ بن مسعود ہیں۔

اسکے بعد امام اوزاعی خاموش ہو گئے

RC

Date:

**سوال 33** امام کے پیچھے قرات کرنا ایسا حدیث پاک سے واضح کریں؟

جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے لیے امام ہو تو امام کی قرات اس کی قرات ہے یعنی مقتدی کے لیے امام قرات کافی ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی تو پیچھے کسی نے قرات کی۔ تو نماز سے فراغت کے بعد جس شخص نے اس کو قرات سے روکا تھا اس سے کہنے لگا کہ تم مجھے کیوں حضور کے پیچھے قرات کرنے سے روک رہے ہو تو ان دو شخصوں کا مذاکرہ ہوا حتیٰ کہ حضور نے سن لیا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو امام کے پیچھے نماز پڑھے تو امام کی قرات اسکی قرات ہے۔ پتہ چلا کہ نماز میں امام کے پیچھے قرات کرنا درست نہیں

**سوال 34** التکبیر تحریمھا والتسلیم تحلیلھا اس حدیث پاک میں ائمہ اربعہ کا اختلاف واضح کریں

**امام اعظم** :- آپ فرماتے ہیں ہر وہ چیز جو تعظیم الہی پر دال ہو وہ تکبیر تحریمہ اگرچہ مسنون لفظ اللہ اکبر ہو۔

**آئمہ ثلاثہ** :- یہ لفظ اللہ اکبر کو خاص کرتے ہیں:

**امام شافعی** :-

لفظ سلام فرض ہے:

**امام اعظم** :- سلام کے متعلق فرماتے ہیں سلام کہنا واجب ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر مواظبت فرمائی۔

**سوال 35** کنا نطبق ثم امرنا میں تطبیق کی وضاحت کریں؟

مسعود بن مالک کہتے ہیں ہم نماز میں پیچھے تطبیق کرتے تھے۔ یعنی ہاتھوں کو رانوں پر رکھتے پھر ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم رکوع میں ہاتھوں کو جما لیں۔

Date:

سوال 36 تسمیہ تحمید کے کہنے میں منفرد کیلئے کیا حکم ہے آئمہ کا اختلاف تحریر کریں

امام اعظم، امام مالک، امام احمد، منفرد نمازی تسمیہ و تحمید پڑھے گا
اور امام صرف تسمیہ پڑھے گا۔
طرفین اور امام شافعی۔ مقتدی اور امام تسمیہ و تحمید دونوں کہیں گے۔

سوال 37 سجدہ کتنی اور کون کونسی ہڈی پر کرنا چاہیے؟
سجدہ سات ہڈیوں پر کرنا چاہیے 1 پیشانی 3.2 دونوں ہاتھ
5.4 دونوں گھٹنے 7.6 دونوں پاؤں کا اگلا حصہ

سوال 38 قنوت فی الفجر کے متعلق حدیث پاک تحریر کریں؟
ابن مسعود سے روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے فقط ایک ماہ فجر میں
قنوت پڑھی، نہ اُن سے پہلے کبھی فجر میں قنوت پڑھی اور نہ بعد میں کبھی
اگر معاملات زیادہ خراب ہو جائیں تو قنوت پڑھ سکتے ہیں

سوال 39 صفیں ملانے والے کے متعلق حدیث پاک بیان کریں؟
ابو سعید خدری سے مروی ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے
تم پر پنجگانہ نماز فرض فرمائیں اور نماز وتر زیادہ فرمائی ہے
اس حدیث سے پتہ چلا کہ وتر وجوب کے مرتبہ میں ہیں

سوال 40 شب جمعہ اور جمعہ کے دن مرنے والے کی فضیلت تحریر کریں؟
حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا بیشک اللہ عزوجل ہر جمعہ کی رات اپنی
مخلوق پر ستر بار نظر رحمت فرماتا ہے اور اللہ عزوجل مشرک کے علاوہ
ہر شخص کی بخشش فرماتا ہے۔ حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جو مسلمان
جمعہ کے دن انتقال کر جائے تو اسے عذاب قبر سے بچا لیا جائے گا

RC

Date:

سوال 41: سواری پر نفل نماز پڑھنا کیسا؟

حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ انہوں نے عبداللہ بن عمر کو مکہ سے مدینہ کی طرف سفر کرتے ہوئے سواری پر نفل نماز پڑھتا دیکھا آپ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے نماز کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا (عبداللہ بن عمر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر نفل نماز ادا فرماتے تھے۔ جس جانب بھی سواری کا رخ ہوتا۔ اس حدیث سے پتا چلا کہ نفل نماز سواری پر پڑھنا درست ہے۔

سوال 42: وتر کے وجوب پر دلائل تحریر کریں؟

ابن عمر سے مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے تمہارے لیئے ایک نماز زائد فرمائی اور وہ وتر ہے ایک روایت یوں ہے کہ اللہ تعالی نے تم پر پنجگانہ نماز فرض فرمائی اور نماز وتر زیادہ فرمائی۔ اس حدیث سے پتا چلا کہ وتر وجوب کے مرتبہ میں ہیں

سوال 43: حضور صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں کونسی قرائت کرتے تھے

حضور پہلی رکعت میں سور الاعلی دوسری رکعت میں سورۃ الکافرون، تیسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھتے تھے۔

سوال 44: الا فصل فی الوتر۔ ثبوت حدیث اور اختلاف ائمہ تحریر کریں؟

ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نماز وتر میں کوئی فصل نہیں

ثبوت حدیث:۔ پتا چلا کہ وتر کی تین رکعت کے درمیان کوئی فاصلہ نہیں

امام شافعی اور امام محمد، فرماتے ہیں کہ وتر کی ایک رکعت ہے۔

سوال 45: سورج گہن اور چاند گہن کے متعلق حدیث تحریر کریں؟

حضور نے ارشاد فرمایا کہ کسی کے زندہ ہو جانے یا کسی کے مرجانے سے سورج گہن اور چاند گہن نہیں لگتا۔ جب تم سورج اور چاند کو گہن لگتے دیکھو تو تم نماز پڑھو اور اللہ کی حمد کرو اور تکبیر و تسبیح کرتے رہو۔

RC

Date:

سوال 46 استخارہ سے متعلق حدیث پاک تحریر کریں؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ہر اہم کام میں استخارہ کی تعلیم فرماتے جس طرح قرآن کی تعلیم فرماتے۔ پتا چلا کہ اہم کام سے پہلے استخارہ سنت مبارکہ ہے

سوال 47 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رات میں نماز کتنی اور کیسے ہوتی تھی؟

حضرت ابو جعفر سے مروی ہے کہ حضور رات میں تیرا رکعتیں ادا فرماتے جن میں سے تین وتر ہوتی تھی اور 2 فجر کی سنتیں۔

پتا چلا رات میں آٹھ رکعت ہیں۔

سوال 48 عشاء کے بعد چار رکعت پڑھنے کے بارے میں حدیث پاک تحریر کریں؟

حضرت ابن عمر سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص عشاء کے بعد چار رکعتیں ادا کرے تو وہ لیلۃ القدر میں چار رکعتیں پڑھنے کی مثل ہیں۔

سوال 49 جنازے کو کس طرح اٹھانا سنت مبارکہ ہے؟

امام اعظم :- آپ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود سے مروی ہے کہ سنت یہی ہے کہ جنازہ کو چاروں کی چار جانب سے اٹھایا جائے۔

امام شافعی :- چارپائی کو دو جگہ سے اٹھانا سنت ہے۔

RC

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کتاب الزکاۃ

Date:

**سوال 1:** زکوۃ کا لغوی اور اصطلاحی معنی نیز زکوۃ کے متعلق حدیث تحریر کریں؟

زکوۃ کا لغوی معنی پاک کرنا ہے۔

اصطلاحی معنی: صاحب نصاب شخص کا مال نامی پر ایک سال کے گزارنے کے بعد شریعت کی جانب سے مقررہ مال کو ادا کرنا

**حدیث مبارکہ:-** ابن عمر سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زکوۃ وہ مال ہے جس کو اللہ پاک نے معدنیات میں رکھا وہ معدنیات جو زمین میں گڑی ہوں۔

**سوال 2:** کنز، دفینہ، رکاز کی تعریفات تحریر کریں؟

**کنز:-** وہ خزانہ جس کو اللہ عزوجل نے زمین بناتے ہوئے ڈال دیا تھا

**دفینہ:-** دفینہ وہ ہے جس کو لوگ زمانہ جاہلیت میں زمین میں ڈال دیتے تھے

**رکاز:-** جو خزانہ زمین سے نکلے۔ یہ اوپر کے دونوں پر بولا جاتا ہے۔

**سوال 3:** رکاز کے متعلق ائمہ کا موقف بیان کریں؟

**امام اعظم:-** امام اعظم کے نزدیک اس میں خمس لازم ہوگا

**امام شافعی:-** امام شافعی کے نزدیک زکوۃ لازم ہوگی۔

# کتاب الصوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رب سب سے پیارا
نبی ہے آقا کریم
تک نبی ہوتی ہے

Date:

**سوال** صوم کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں؟

صوم کا لغوی معنی امساک ہے (روکنا)

اصطلاحی معنی صبح صادق سے لیکر غروب آفتاب تک کھانے پینے اور جماع سے روکنا

**سوال** روزے کے متعلق حدیث پاک تحریر کریں؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ابن آدم کا ہر عمل اس کے لیے ہے مگر روزہ میرے لیے ہے اور اس کی جزا میں خود ہوں.

**سوال** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے روزوں سے منع فرمایا؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال اور صوم صمت (خاموشی کا روزہ) کے روزوں سے منع فرمایا.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کتاب الحج

رب سب سے پیارا ہے
آقا کریم رب
تک نبی ہوتی ہے

**سوال** حج کا لغوی اور شرعی معنی لکھیں نیز حاجی کی فضیلت لکھیں؟

حج کا لغوی معنی ارادہ کرنا : اصطلاحی معنی ارکان مخصوصہ کو مخصوص اوقات میں حالت احرام میں ادا کرنا

حاجی کی فضیلت :- حضرت علقمہ سے مروی ہے حضور نے ارشاد فرمایا حاجی کو بخشش دیا گیا اور اسے بھی جس کے لیے وہ احرام کھولنے سے پہلے بخشش طلب کرے

**سوال** افضل حج کونسا ہے: افضل حج حج قران ہے.

**سوال** میقات کتنے اور کونسے ہیں: عبد اللہ بن عمر سے مروی ہے میقات چار ہیں:

1) اہل مدینہ کا ذوالحلیفہ 2) اہل عرفات کا عقیق 3) اہل شام کا جحفہ 4) اہل نجد کا قرن

ایک روایت کے متعلق اہل یمن اور جو ان کے ارد گرد ہو ان کا یلملم ہے اور اہل عراق اور بقیہ تمام لوگوں کا ذات عرق ہے.

**سوال** محرم کے لیے کن چیزوں سے احتراز لازم ہے.

محرم کے لیے لازم ہے کہ وہ قمیص، عمامہ، قبا، شلوار نہ پہنے اور نہ ہی ٹوپی نہ ہی ایسا کپڑا جس میں خوشبو لگی ہو اور نہ ہی چپل پہنے